
4206CH09

# ۹ میرا تفریح کا دن



ایک دن پیر
بدھ کو معلوم کرنے کے لئے
منگل کے پاس گیا
اور جمعرات سے کہا
کہ جمعہ اور ساتھ ہی
سنیچر کو بتا دہ کہ
اتوار ایک مزے کا دن ہے

- ✿ کیا آپ کے لیے بھی اتوار کا دن مزے دار ہوتا ہے؟
- ✿ پیر بہت خوش ہے کیونکہ وہ ہفتہ کا پہلا دن ہے۔ اچھا اب ذرا آپ بتایئے؟
  - a) ہفتہ کا تیسرا دن کون سا ہے؟
  - b) ہفتہ کا پانچواں دن کون سا ہے؟
  - c) ہفتہ کا دوسرا دن کون سا ہے؟
  - d) ہفتہ کا آخری دن کون سا ہے؟
- ✿ کون سا دن آتا ہے
  - a) اتوار کے بعد
  - b) اتوار سے پہلے

اس سبق کو کرتے وقت کیلنڈر کا استعمال مددگار ثابت ہوگا۔ بچوں کو اس بات کا بڑھاوا دیں کہ وہ دنوں کی ترتیب کو ٹھیک سے یاد کرنے کے لیے کیلنڈر کا استعمال کیا کریں۔

© NCERT not to be republished



2019-20

c) بدھ کے بعد؟-----

d) بدھ سے پہلے؟-----

e) اتوار کے دو دن بعد؟----

f) بدھ کے چار دن بعد؟---

g) پیر کے 7 دن بعد؟-----



- ✿ آپ کو کون سا دن سب سے زیادہ اچھا لگتا ہے؟ کیوں؟
- ✿ آج کون سا دن ہے؟ ____________
- ✿ کل کون سا دن تھا؟ ____________
- ✿ کل کون سا دن ہوگا؟ ____________
- ✿ کل کے بعد کونسا دن آئے گا؟ ____________
- ✿ کل سے پہلے کون سا دن تھا؟ ____________

## ٹیچر-ٹیچر

کلاس IIA کے کچھ بچے 'ٹیچر ٹیچر' کھیلنا پسند کرتے ہیں، انھوں نے طے کیا کہ باری باری سب بچے ٹیچر بنیں گے۔

| دن | کون بچہ ٹیچر بنے گا |
|---|---|
| پیر | ویبھاؤ |
| منگل | الپنا |
| بدھ | گورو |
| جمعرات | گرپریت |
| جمعہ | دیپک |
| سنیچر | رہنما |




© NCERT not to be republished

خالی جگہیں پُر کیجیے

a) جمعہ کے اگلے دن ________ ٹیچر بنے گا۔

b) منگل سے پہلے دن ________ ٹیچر کا کردار ادا کرے گا۔

c) ________ کے اگلے دن گورو ٹیچر کا کردار ادا کرے گا۔

d) ________ کے پہلے دن دیپک ٹیچر کا کردار ادا کرے گا۔

## روزانہ کے کھیل؟

**IIA کا نظامِ اوقات**

| دن / گھنٹے | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| پیر | ہندی | ریاضی | کھیل | انگریزی | ای۔وی۔ایس | موسیقی |
| منگل | ہندی | ریاضی | ڈرائنگ | انگریزی | ای۔وی۔ایس | لائبریری |
| بدھ | ہندی | ریاضی | کھیل | انگریزی | ای۔وی۔ایس | لائبریری |
| جمعرات | ہندی | ریاضی | ڈرائنگ | انگریزی | ای۔وی۔ایس | موسیقی |
| جمعہ | ہندی | ریاضی | کھیل | انگریزی | ای۔وی۔ایس | موسیقی |
| سنیچر | ہندی | ریاضی | ڈرائنگ | انگریزی | ای۔وی۔ایس | لائبریری |



© NCERT not to be republished

کلاس IIA کا ٹائم ٹیبل دیکھیے اور جدول میں دی گئیں خالی جگہیں پر کیجیے۔

| گھنٹہ | کون سے دن؟ |
|---|---|
| ڈرائنگ | |
| موسیقی | |
| کھیل | |
| لائبریری | |

✿ **آپ کی کلاس میں**

a) کھیل کا گھنٹہ کس دن ہوتا ہے؟______________

b) کتنے بچے چاہتے ہیں کہ روز کھیل کا گھنٹہ ہو؟______________

c) کھیل کے گھنٹے میں آپ کون سا کھیل کھیلتے ہیں؟______________

d) ______________

e) کیا آپ کا موسیقی کا گھنٹہ بھی ہوتا ہے؟______________

اگر ہاں، تو کس دن؟______________

f) اسکول کا کون سا دن آپ کو سب سے اچھا لگتا ہے؟______________

© NCERT not to be republished


## پسندیدہ مہینہ

ایک دن سونا، ارجن اور زیبا اپنے پسندیدہ مہینوں کے بارے میں بات چیت کر رہے تھے۔




- آپ کو کون سا مہینہ سب سے اچھا لگتا ہے؟ ____________
  کیوں؟ ____________
- آپ کو اپنے پسندیدہ مہینے میں کیا کرنا اچھا لگتا ہے؟

© NCERT not to be republished




| مجھے سب سے اچھا کیا لگتا ھے | کون سے مھینے میں آتا ھے |
|---|---|
| پھل ______ | ______ |
| سبزی ______ | ______ |
| پھول ______ | ______ |

✿ آپ اور آپ کے دوست کون کون سے تہوار مناتے ہیں لکھیے / اور ساتھی ہی ان مہینوں کے نام بھی لکھیے جس میں یہ آتے ہیں۔



| تہوار کا نام | یہ کون سے مھینہ میں آتے ھیں |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

© NCERT not to be republished

✿ کسی بھی تہوار کا ایک سین یہاں بنائیے

✿ نیچے دی گئی مہینوں کی فہرست میں کچھ رہ گئے ہیں۔ ان مہینوں کے نام لکھیے ۔

جنوری، فروری ____________، اپریل، ____________، جون، ____________،
اگست، ستمبر، اکتوبر، ____________ دسمبر۔

✿ کیلنڈر کو دیکھیے اور معلوم کیجیے۔

a) سال کا پہلا مہینہ کون سا ہے؟۔۔۔۔

b) مارچ کے بعد کون سا مہینہ آتا ہے؟۔۔۔۔

c) اگست سے پہلے کون سا مہینہ آتا ہے؟۔۔۔۔

d) سال کا آخری مہینہ کون سا ہے؟۔۔۔۔

© NCERT not to be republished

# فروری الگ ہے




4 مہینے تیس دن کے ہوتے ہیں۔

7 مہینے اکتیس دن کے ہوتے ہیں۔

فروری سب سے چھوٹا ہوتا ہے۔

بعض سالوں میں یہ دلچسپ طریقے سے بڑھتا ہے۔

کیلنڈر دیکھیے اور معلوم کیجیے:

- کون سے مہینوں میں 30 دن ہوتے ہیں؟ ____________
- 31 دن کے کتنے مہینے ہوتے ہیں؟ ____________
- مئی اور جون میں کل ملا کر کتنے دن ہوتے ہیں؟ ____________
- جولائی میں کتنے اتوار ہوتے ہیں؟ ____________
- آپ کی سالگرہ کا کون سا دن ہے؟ ____________

## معلوم کیجیے

آپ کی گرمیوں کی چھٹیاں کتنے دنوں کی ہوتی ہیں؟ ____________

آپ کی سردی کی چھٹیاں کتنے دنوں کی ہوتی ہیں؟ ____________

تصویر میں لمبے اور چھوٹے مہینوں کو یاد رکھنے کا ایک مشہور طریقہ دکھایا گیا ہے۔ جنوری سے شروع کرتے ہوئے لمبے مہینے ہاتھ کی ہڈی کے اوپر آئیں گے جب کہ چھوٹے مہینے بیچ والی جگہوں پر آئیں گے۔


© NCERT not to be republished

# کہیں ٹھنڈا، کہیں گرم





میں اشرف ہوں، میں کشمیر میں رہتا ہوں، یہاں پر زیادہ تر ٹھنڈی ہوائیں چلتی ہیں۔ جس کی وجہ سے میرے دانت کٹکٹانے لگتے ہیں۔ مجھے دھوپ میں یا آگ کے پاس بیٹھنا پسند ہے۔





میں لکشمی ہوں، میں چنئی میں رہتی ہوں۔ آج کل سورج بہت تیز ہے، اگر میں ننگے پیر چلوں تو میرے پیر جل جائیں گے۔ مجھے تالاب میں بیٹھنا اچھا لگتا ہے۔





میں روبایہ ہوں۔ میں میگھالیہ میں رہتی ہوں۔ یہاں پر بارش تو رکتی ہی نہیں ہے۔ سورج بھی گھنے بادلوں میں چھپا ہوا ہے۔

© NCERT not to be republished

1) کیا آپ کو کبھی ایسا محسوس ہوا ہے کہ۔۔۔۔
a) سردی سے آپ کے دانت کٹکٹا رہے ہوں؟ ہاں/نہیں
b) ننگے پیر چلنے سے آپ کے پیر جلنے لگیں؟ ہاں/نہیں
c) ایک ایسے مہینے کا نام لکھیے جب آپ بہت آسانی سے ننگے پیر چل سکتے ہیں۔

________________

2) a) کیا آپ نے بہت دنوں تک بارش ہوتی ہوئی دیکھی ہے؟ ہاں/نہیں
b) آپ کے یہاں کون سے مہینے میں سب سے زیادہ بارش ہوتی ہے؟________________

3) a) آپ کے یہاں کون سے مہینوں میں سب سے زیادہ گرمی پڑتی ہے۔
b) آپ کے یہاں کون سے مہینوں میں سب سے زیادہ سردی پڑتی ہے؟________________

4) ان مہینوں میں کون سے پھل اور سبزیاں بازار میں سب سے زیادہ نظر آتے ہیں؟ لکھیے اور ڈرائنگ بھی بنایئے۔

| مئی۔جون | |
|---|---|
| پھل | سبزیاں |
| | |
| | |
| | |
| | |

| دسمبر۔جنوری | |
|---|---|
| پھل | سبزیاں |
| | |
| | |
| | |
| | |

© NCERT not to be republished